## سوال

(74) ہیجڑے کی میراث

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہیجڑے کا میراث میں کتنا حصہ ہے، کیا اس کا حصہ مرد کے برابر ہے یا عورت کے برابر؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ ہیجڑا جس کے بارے میں واضح نہ ہو کہ وہ مرد ہے یا عورت اور وہ بچپن میں فوت ہو یا بالغ تو ہو لیکن اس کی پہچان مشکل ہو تو اسے نصف حصہ مرد کی میراث کے بقدر اور نصف عورت کی میراث کے بقدر دیا جائے گا اسے اس کا یقینی حصہ تو دیا جائے گا لیکن اسے اس کی صورت حال واضح ہونے تک موخر کیا جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**ج3ص69**